© rasailojaraid.com



ہے کہ ایسے ذرائع و وسائل جمع ہو جائیں جن میں سے اس کارِ عظیم کے اہلِ زبان تک پہنچنے کی کوئی صورت پیدا ہو جائے۔ عنوان ذیل کے نام سے ادارہ اسی غرض و غایت کیلئے بنا رکھا ہے۔ دعا فرماویں اللہ تعالیٰ ان کی اس سعی خیر کو قبول فرمائے وہاں کے عوام تک پہنچنے کے اسباب مہیا کر دے۔ آمین اگر اپنی علمی رائے ماہنامہ الحق میں بھی شائع فرماویں تو یہ آپ کی بڑی نوازش ہو گی۔ والسلام۔

محمد نصر اللہ خان

ناظم لوگانڈہ اسلامک پبلی کیشنز کنجاہ روڈ گجرات شہر

یوگنڈا زبان میں ترجمہ قرآن مجید بہت بڑی خدمت ہے۔ یہ مکتوب اسی غرض سے شائع کیا جا رہا ہے کہ شاید اشاعتِ قرآن کے تڑپ رکھنے والے کسی صاحب کو اس کارِ عظیم میں تعاون کرنے کی سعادت حاصل ہو سکے۔ (ادارۃ الحق)

## انگریزی مضامین

الحق بابت دسمبر ۱۹۶۵ء پیشِ نظر ہے۔ یہ امر باعثِ اطمینان ہے کہ الحق کا ہر نقش ثانی نقشِ اول سے بہتر معلوم ہوتا ہے۔ اللھم زد فزد ولا تنقص ———

دوار کا کی تباہی کے عنوان سے جس فوجی مجاہد کا مکتوب شائع ہوا ہے وہ نہایت مؤثر اور دلدوز ہے۔ کاتبِ خط کا مکمل پتہ دینا ضروری تھا۔ اس سے روایت بہت ہی قوی ہو جاتی اور راوی مجہول و معلوم کی روایت میں جو فرق ہو سکتا ہے۔ اسی انداز سے اس میں قوت آ جاتی۔ اب بھی اس مجاہد کا اڈریس دیا جا سکتا ہے ———

قاضی عبد الصمد صاحب سرباذی کی تجویز بہت عمدہ ہے۔ کہ حضرت افغانی مدظلہٗ کے مضامین کا انگریزی ترجمہ اور مغرب زدہ لوگوں میں اس کی اشاعت بڑی مفید ثابت ہو گی۔ احقر کے ناقص خیال میں اگر مستقل طور پر ان کی اشاعت (انگریزی زبان میں) مشکل ہو تو ایک صورت یہ بھی تو ہو سکتی ہے کہ خود الحق کے چند صفحات کو انگریزی میں شائع ہوتے رہیں۔ مستقل یا اردو ہی کے بعض مضامین اگر انگریزی کر کر رسالہ کے بعض صفحات اس کے لئے مختص کر دئیے جائیں۔ تو امید ہے کہ رسالہ مجمع البحرین اردو دان اور انگریزی دان دونوں طبقوں میں مقبول ہو جاوے گا۔

قاضی عبد الکریم۔ نجم المدارس کلاچی

حسب ارشاد اس فوجی مجاہد کا نام و پتہ درج کیا جاتا ہے۔

سید حمید شاہ - پی سی این ایل پی ایچ ایس۔

معرفت۔ فلیٹ آفس کراچی۔

(ادارۃ الحق)

© rasailojaraid.com